1990-زمین کے اندر پیدا ہونے والی سبزیاں کھانا

سوال

میں ایک عورت کے درس میں جاتی ہوں اس نے درس میں کہا کہ زمین کے اندر پیدا ہونے والی سبزیاں مکروہ ہیں ، اور کئی ایک اشیاء کو اکٹھا ایک ہی برتن میں پکانا حرام ہے ، برائے مہربانی آپ اس کے متعلق واضح کریں آیا اس کی یہ بات صحیح ہے یا نہیں ؟

ہماری عادت ہے کہ زمین کے اندر پیدا ہونے والی پانچ یا چھ سبزیاں اکٹھی ایک ہی برتن میں پکاتے ہیں ، کیا اس کی بات صحیح ہے یا غلط ؟

پسندیدہ جواب

اللہ سبحانہ وتعالی کا فرمان ہے :

{وہ اللہ جس نے تمہارے لیے زمین کی تمام چیزوں کو پیدا کیا ...} البقرۃ (29).

اور ایک مقام پر اللہ سبحانہ وتعالی کا فرمان اس طرح ہے :

{اے لوگوں زمین میں جو کچھ ہے اس سے حلال اور پاکیزہ اشیاء کھاؤ ، اور شیطان کی پیروی مت کرو ، یقیناوہ تمہارے لیے واضح اور کھلا دشمن ہے } البقرۃ (168).

اور دوسرے مقام پر ارشاد باری تعالی ہے :

{آپ فرما دیجئے کہ اللہ تعالی کے پیدا کیے ہوئے اسباب زینت کو جو اللہ نے اپنے بندوں کے واسطے بنائے ہیں ، اور کھانے پینے کی حلال چیزوں کو کس شخص نے حرام کیا ہے آپ کہہ دیجئے کہ یہ اشیاء اس طور پر کہ قیامت کے روز خالص اہل ایمان کے لیے ہونگی ، اور دنیاوی زندگی میں مومنوں کے لیے بھی ہیں ، ہم اسی طرح تمام آیات کو سمجھ داروں کے لیے صاف صاف بیان کرتے ہیں } الاعراف (32).

اس سے ہمیں یہ علم ہوتا ہے کہ زمین
جو کچھ بھی اگاتی ہے وہ اصل میں حلال ہے، اور بغیر کسی شرعی دلیل کے اسے حرام یا
مکروہ کہنا جائز نہیں، اس لیے ہم یہ سوال کرتے ہیں کہ زمین کے اندرا گنے والی
سبزیاں مثلاً آلو، گاجراورپیاز، لہسن، مولی، شلجم وغیرہ کی حرمت یا کراہت کی کیا
دلیل ہے ؟؟

پھراس عورت نے جوقاعدہ اوراصول
.بیان کیا ہے وہ کتنا ہی عجیب وغریب ہے جس کے پس منظر سے ہم تو واقف نہیں وہ یہ
کہ مکروہ اشیاء کوملا کرایک ہی برتن میں پکانے کے نتیجہ میں وہ حرام ہوجاتی ہیں
؟!

اگر تواس کے نتیجہ میں کوئی نشہ آور
یا زہریلی چیز بن جائے، یا پھر پکائی گئی چیز حرام ہوتی مثلاً خنزیر کا گوشت ہوتا تو
ہم کہتے کہ اس کا کھانا حرام ہے، لیکن جو آپ نے ذکر کیا ہے کہ زمین کے نیچے اگنے
والی پانچ یا چھ سبزیاں اکٹھی پکاتی ہیں، یہ مباح ہے اوراس میں کوئی حرج نہیں.

ہم آپ کو نصیحت کرتے ہیں کہ آپ لا
علم شخص کی کلام کو کوئی وزن نہ دیں، اللہ تعالی سے دعا ہے کہ وہ ہمیں حق نصیب
فرمائے، اور ہمیں دین کی سمجھ عطا فرمائے، اللہ تعالی ہمارے نبی محمد صلی اللہ علیہ
وسلم پر اپنی رحمتیں نازل فرمائے.

واللہ اعلم.